بلوچستان کے عوام کا نمائندہ اخبار

Daily IMROZ Quetta A.B.C Certified

روزنامہ امروز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر حکیم اکمل

جلد نمبر 12 | بروز پیر 29 مارچ 2021ء شعبان 1442ھ | شمارہ 273 | قیمت 10

www.imroz.com.pk

تین مارشل لاز چند خاندانوں نے قوم کے 73 سال ضائع کر دیئے، سراج الحق

بے ضمیر اور وطن فروش طبقہ نے اپنے مفادات کی خاطر قائد کے پاکستان کو زبان، نسل اور مسالک کی بنیاد پر تقسیم کیا ہوا ہے، پی ٹی آئی، ن لیگ اور پیپلز پارٹی ایک تکون اور اپنی اپنی باریوں کے منتظر ہیں، جلسہ سے خطاب

عوام کو نوید سناتا ہوں اندھیری رات ختم ہونے والی ہے، اب ملک میں خاندانوں کی سیاست نہیں چلے گی۔ حکومت نے رمضان سے قبل چینی، گھی مزید مہنگے کر دیئے، جو بجلی استعمال کرتا ہے اس پر مہینہ کے آخر میں آسمانی بجلی گرتی ہے

راولپنڈی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان سراج الحق نے کہا ہے کہ تین مارشل لاز اور چند خاندانوں نے قوم کے 73 سال ضائع کر دیئے، بے ضمیر اور وطن فروش طبقہ نے اپنے مفادات کی خاطر قائد کے پاکستان کو زبان، نسل اور مسالک کی بنیاد پر تقسیم کیا ہوا ہے، پی ٹی آئی، ن لیگ اور پیپلز پارٹی

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

نیب اقوام متحدہ کے انسداد بدعنوانی کے تحت پاکستان کا فوکل ادارہ ہے، چیئرمین نیب

نیب نے اپنے قیام سے اب تک 714 ارب روپے قومی خزانہ میں جمع کروائے ہیں، جسٹس جاوید اقبال کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) قومی احتساب بیورو کے چیئرمین جسٹس جاوید اقبال نے کہا ہے کہ نیب بدعنوانی کے خاتمے کو قومی فرض سمجھ کر ادا کر رہا ہے، نیب کرپشن فری پاکستان کے لئے پرعزم ہے، بدعنوانی کے خاتمے اور بدعنوان عناصر سے لوٹی گئی رقم وصول کرنے کے لئے قائم کیا گیا، نیب نے

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سانحہ جانی خیل کے شہداء کو انصاف فراہم کرنے کی بجائے ان کے زخموں پر نمک پاشی ہو رہی ہے، ترجمان عوامی نیشنل پارٹی

بنوں میں اے این پی کے پرامن کارکنان پر پولیس کا تشدد ریاستی دہشتگردی ہے، زاہد خان

پشاور (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان سینیٹر زاہد خان نے کہا ہے کہ حکومت اور انتظامیہ سانحہ جانی خیل کے شہداء لواحقین کو انصاف فراہم کرنے کی بجائے ان کے زخموں پر نمک پاشی کر رہی ہے۔ چار پختون بچوں کو بیدردی سے قتل کیا گیا، لواحقین پچھلے کئی دنوں سے سراپا

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان ہاکی اولمپینز اور کھلاڑیوں کے اعزاز میں دیئے گئے عصرانے کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

صوبائی حکومت محکمہ کیسکو کی اربوں روپے کی مقروض ہے، ثنا بلوچ

خشک سالی کا سایہ بھی منڈلانے لگا ہے، اسمبلی فلور پر یقین دہانی کے باوجود کیسکو کو فنڈز جاری نہیں کئے گئے ہیں

بلوچستان بھر میں زمینداری کا شعبہ تباہی سے دوچار ہیں بجلی کی بندش سے زراعت کے شعبے کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے رکن صوبائی اسمبلی ثناء بلوچ نے کہا ہے کہ صوبے میں فصلیں تباہ، بجلی کی بندش سے زراعت کا شعبہ مشکلات سے دوچار ہیں، صوبائی حکومت محکمہ کیسکو کی اربوں روپے کی مقروض ہے، اسمبلی فلور پر یقین دہانی کے باوجود کیسکو کو فنڈز جاری نہیں کئے گئے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر اپنے پیغام میں کیا۔ ثناء بلوچ نے کہا کہ بلوچستان بھر میں زمینداری کا شعبہ تباہی سے دوچار ہیں بجلی کی بندش سے زراعت کے شعبے کو ناقابل تلافی نقصان

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اسپیکر سیاسی یقین نہیں کھو سکتے، پیپلز پارٹی

ہمارا ہدف سلیکٹڈ سرکار ہے، مریم نواز کا لہجہ افسوسناک تھا، پیپلز پارٹی کیلئے سلیکٹڈ لفظ غلط ہے، جمہوریت کیلئے جیلیں کاٹنے کے باوجود ہمارے لئے سلیکٹڈ کا لفظ استعمال کیا گیا، شیری رحمٰن

ہم نے کبھی ڈیل نہیں کی کہنے کو ہمارے پاس بھی بہت کچھ ہے، پیپلز پارٹی کسی دباؤ میں نہیں آئے گی، کسی معاہدے میں استعفے کی بات نہیں تھی۔ ہم سب کام مشورے سے کریں گے، شازیہ مری

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کی مرکزی نائب صدر سینیٹر شیری رحمٰن نے کہا ہے پیپلز پارٹی استعفوں کی سیاست پر یقین نہیں رکھتی ہمارا ہدف سلیکٹڈ سرکار ہے جبکہ سیکرٹری اطلاعات شازیہ مری نے کہا ہے کہ گزشتہ روز مریم

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وزیراعظم عمران خان عالمی وباء کرونا کی تیسری لہر سے متعلق قوم سے خطاب کر رہے ہیں

کراچی تمام پاکستانیوں کا دوسرا گھر ہے، امیر مقام

فیصل واوڈا نے عوام سے جھوٹ بولا تو عمران خان نے انہیں انعام دیا

کراچی (این این آئی) پاکستان مسلم (ن) خیبر پختون خوا کے صدر انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ کراچی تمام پاکستانیوں کا دوسرا گھر ہے، فیصل واوڈا نے عوام سے جھوٹ بولا تو عمران خان نے انہیں انعام دیا، کراچی والوں سے بہتر کون جانتا

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ میں گیس لیکیج کے باعث دم گھٹنے سے خاتون جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں گیس لیکیج کے باعث دم گھٹنے سے خاتون جاں بحق۔ تفصیلات کے مطابق اتوار کو کوئٹہ کے علاقے قمبرانی روڈ نزد دربار ہوٹل

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ہمیں قومیت سے آگے بڑھ کر ملکی سیاست کرنی چاہیے، علی مدد جتک

راتوں رات بننے والی پارٹیاں ریت کی دیوار ہیں جو کسی وقت بھی گر سکتی ہیں، صوبائی صدر پیپلز پارٹی بلوچستان

سلیکٹڈ وزیراعظم کے آنے سے عوام نان شبینہ کا محتاج ہو چکے ہیں نااہل حکمرانوں کی وجہ سے بلوچستان کے سالانہ 65 ارب لپس ہوتے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ راتوں رات بننے والی پارٹیاں ریت کی دیوار ہیں جو کسی وقت بھی گر سکتی ہیں ہمیں قومیت سے آگے بڑھ کر ملکی سیاست کرنی چاہیے، پیپلز پارٹی کا پاکستان میں تین مرتبہ مینڈیٹ چوری کیا گیا، اس سلیکٹڈ وزیراعظم کے آنے سے عوام نان شبینہ کا محتاج ہو چکے ہیں نااہل حکمرانوں کی وجہ سے بلوچستان کے سالانہ 65 ارب لپس ہوتے ہیں، عمران خان کورونا وائرس سے بھی زیادہ خطرناک بیماری ہیں جس سے عوام کو چھٹکارا دلانا ضروری ہے۔ یہ بات پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سربراہ پی ڈی ایم مولانا فضل الرحمٰن کی کرونا ٹیسٹ رپورٹ منفی

سربراہ پی ڈی ایم کو دو روز سے بخار ہے، ڈاکٹرز کا مکمل آرام کرنے کا مشورہ

اسلام آباد (این این آئی) سربراہ پی ڈی ایم مولانا فضل الرحمٰن کی کرونا ٹیسٹ رپورٹ منفی آئی ہے۔ ذرائع جے یو آئی کے مطابق سربراہ پی ڈی ایم

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس دو روز کے وقفے کے بعد آج سہ پہر چار بجے ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس دو روز کے وقفے کے بعد آج سہ پہر چار بجے ہوگا

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

لاپتہ افراد کی بازیابی کیلئے قائم کمیشن آج سے کوئٹہ میں ساعت شروع کریگا

کوئٹہ (این این آئی) لاپتہ افراد کی بازیابی کیلئے قائم کمیشن آج سے کوئٹہ میں ساعت شروع

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ہولی کا تہوار برائی پر اچھائی کی فتح کی علامت بھی ہے

بلاول بھٹو زرداری کی ہندو برادری کو رنگوں کا قدیم تہوار ہولی منانیوالوں کو مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے ہندو برادری اور پاکستان سمیت دنیا بھر میں رنگوں کا قدیم تہوار ہولی

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

لاہور، ماسک نہ پہننے پر پہلی ایف آئی آر درج کر دی گئی

لاہور (این این آئی) لاہور میں کورونا ایس او پیز کی خلاف ورزی اور ماسک نہ پہننے پر پہلی ایف آئی آر

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اس وقت ملک پر ایک ناکام شخص مسلط کیا گیا ہے، لیاقت بلوچ

ہمیں جمہوری انداز میں اس شخص کو اقتدار سے باہر نکالنا ہے، نائب امیر جماعت اسلامی

جماعت اسلامی نے یہاں کے عوام کیلئے خدمات سرانجام دی ہے اب جماعت اسلامی حق دو بلوچستان تحریک چلا رہی ہے

کوئٹہ (این این آئی) جماعت اسلامی کے نائب امیر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ اس وقت ملک میں عمران خان کی صورت میں ایک ناکام شخص مسلط کیا گیا ہے ہمیں جمہوری انداز میں اس شخص کو اقتدار سے باہر نکالنا ہے۔ یہ بات انہوں نے جماعت کے زیر اہتمام کوئٹہ پریس کلب میں لیڈر شپ ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ ملک شدید بحران کا شکار ہے ایسا نہ ہو کہ ہم ان بحرانوں کے متحمل نہ ہو سکے مہنگائی بڑھ چکی ہے بے روزگاری میں اضافہ ہوا ہے لوگ خودکشیاں کر رہے ہیں لیکن ظالم و جابر حکمرانوں کو اسکا احساس

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بنوں، جانی خیل قبائل کے افراد امن کی بحالی کیلئے شہید ہونیوالے نوجوانوں کی میتوں کے ہمراہ ٹوچی پل پر احتجاج کر رہے ہیں

ایف آئی اے کی کارروائی، شوگر سٹہ مافیا کے مزید تین ارکان گرفتار، تعداد سات ہوگئی

ملزمان کے خلاف اینٹی منی لانڈرنگ ایکٹ کے تحت دو مقدمات درج کر لیے، رپورٹ

کراچی (این این آئی) فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) کے کمرشل بینکنگ سرکل نے شوگر سٹہ مافیا کے تین ارکان کی گرفتاری کے بعد

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وفاقی وزیر علی گنڈاپور کم عمر بچے سے گاڑی چلواتے رہے، ویڈیو سوشل میڈیا وائرل

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان علی امین گنڈاپور کی کم عمر بچے

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

انگلش، عربی اور ہسٹری سمیت 8 مضامین میں ایم اے لیکن نوکری چوکیدار کی

محنت مزدوری کے ساتھ پڑھائی کا سلسلہ بھی جاری رکھا، ہر جگہ اپلائی کیا، میرٹ پر بھی آیا، شہباز خان

بنوں (این این آئی) ضلع بنوں کا 35 سالہ شہباز خان آٹھ مختلف مضامین میں ایم اے کرنے کے باوجود بھی ساڑھے تین ہزار روپے کی تنخواہ پر غلہ

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

علاقہ کرہ تنخواہوں کی عدم فراہمی کیخلاف ہاکی چوک پر دھرنا دیا جائیگا، مالک کاکڑ

بلوچستان حکومت کی جانب سے وفاقی حکومت کے اعلان کردہ ملازمین کی تنخواہوں میں 25 فیصد کی عدم فراہمی کے خلاف آج (پیر) کو بھرپور احتجاج ہوگا

سرکاری ملازمین پڑھے لکھے لوگ ہیں اور پرامن دھرنا دے رہیں، اگر حکومت نے ملازمین کی ریلیوں روکا تو ملازمین وہیں دھرنا دیں گے، کنوینر بلوچستان ایمپلائز اینڈ ورکر گرینڈ الائنس زہری، سلام بلوچ اور دیگر نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت کی جانب سے وفاقی حکومت کے اعلان کردہ ملازمین کی تنخواہوں میں 25 فیصد کی عدم فراہمی کے خلاف آج (پیر) کو کوئٹہ کے ہاکی چوک پر دھرنا دیا جائے گا اگر حکومت نے ملازمین کی ریلیوں روکا تو ملازمین وہیں دھرنا دیں گے، دھرنے کے دوران کورونا وائرس سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق۔ پولیس کے مطابق اتوار کو کوئٹہ کے

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ڈیرہ بگٹی میں باردی سرنگ دھماکے سے پھٹ گئی

کوئٹہ (این این آئی) ڈیرہ بگٹی میں باردی سرنگ دھماکے سے پھٹ گئی۔ تفصیلات کے مطابق اتوار کو ڈیرہ بگٹی کے علاقے بیکو میں نامعلوم افراد کی جانب

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

مریم نواز کی طبیعت ناساز، چار دن کیلئے سیاسی سرگرمیاں منسوخ کر دیں

مریم نواز شریف کو تیز بخار اور گلے میں شدید درد ہے، ڈاکٹر کا آرام کا مشورہ

اسلام آباد/لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز نے طبیعت ناساز ہونے کی وجہ سے چار دن کیلئے سیاسی سرگرمیاں

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

مرید کے، تیز رفتار مسافر بس ٹرالر سے ٹکرا گئی

خاتون اور 2 بچوں سمیت 5 مسافر جاں بحق، 12 زخمی

مرید کے (این این آئی) مرید کے سادھوکی قریب قریب تیز رفتار مسافر بس ٹرالر سے ٹکرانے کے نتیجے میں خاتون اور 2 بچوں سمیت 5 مسافر جاں بحق اور 12 زخمی ہو گئے، جن میں تین کی حالت تشویشناک بتائی جا رہی ہے جس کے بعد ہلاکتوں میں اضافے

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ہارٹ آف ایشیا کانفرنس (کل) ہوگی، شاہ محمود قریشی پاکستان کی نمائندگی کرینگے

سفارتی حلقے پاک بھارت وزرائے خارجہ کی غیر متوقع ملاقات کی جانب توجہ لگائے ہوئے ہیں، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی (کل) 30 مارچ کو ہونے والی ہارٹ آف ایشیا کانفرنس تاجکستان میں پاکستان کی نمائندگی

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ہم اپنی گائیڈ لائن ضرور تبدیل کرتے رہتے ہیں، مولانا واسع

پی ڈی ایم کی تدفین کی باتوں سے لگ رہا ہے کہ عمران خان جانے والے ہیں وزراء گھبراہٹ کا شکار ہو کر مایوسی کی باتیں کر رہے ہیں

الیکشن کمیشن فارن کیس کا فوری اور غیر جانبدار رہتے ہوئے کوئی فیصلہ کرے تو پی ڈی ایم کو تحریک چلانے کی ضرورت ہی نہیں پڑیگی

لورالائی (این این آئی) جے یو آئی بلوچستان کے صوبائی امیر رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم اپنے مقاصد کے حصول تک قائم و دائم رہی گی اور ہماری تحریک تسلسل کے ساتھ جاری رہے گی ہم اپنی گائیڈ لائن ضرور تبدیل کرتے رہتے ہیں پی ڈی ایم کی تدفین کی باتوں سے لگ رہا ہے کہ عمران خان جانے والے ہیں بعض وفاقی وزراء شاہ سے زیادہ شاہ کا کردار اور گھبراہٹ کا شکار ہو کر مایوسی کی باتیں کر رہے ہیں، الیکشن کمیشن فارن کیس کا فوری اور غیر جانبدار رہتے ہوئے کوئی فیصلہ کرے تو پی ڈی ایم کو تحریک چلانے کی ضرورت ہی نہیں پڑیگی۔ انہوں نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ پی پی پی اور مسلم لیگ ن ایک دوسرے پر

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ہولی کا تہوار زندگی میں گھل ملنے کو اجاگر کرتا ہے، نیشنل پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے صوبائی ترجمان نے جاری بیان میں ہندو برادری کو رنگوں و

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

واشک اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے

کوئٹہ (این این آئی) واشک اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے اتوار کو واشک اور گردونواح میں 4.5 شدت کے زلزلے کے جھٹکے

بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

میتو کیسا احتجاج کرالوں پر آنسو گیس اور شیلنگ کی مذمت کرتے ہیں، اے این پی

آنسو گیس کے شیلنگ اور لاٹھی چارج رکاوٹیں کھڑی کر کے شہدا کی جسد خاکی کی بے حرمتی کی گئیں اور مظاہرین کو پرامن احتجاج سے روکنا حکمرانوں کی بے حسی کی انتہا ہے

چار مسخ شدہ لاشوں کے ہمراہ لواحقین سمیت ہزاروں افراد سراپا احتجاج ہیں، کوئی حکومتی ریاستی و اعلی انتظامیہ کے ذمہ دار کا آنا تو درکنار نہ ہی انہیں کوئی تسلی و تشفی کرا سکے

کوئٹہ (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں بنوں جانی خیل دھرنے کے شرکاء کے راستے میں رکاوٹیں کھڑی کرنے انہیں اسلام آباد کی جانب پرامن مارچ سے روکنے ان پر آنسو گیس کے شلنگ اور ہوائی فائرنگ کرنے کو بنیادی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی اور اسے حکمرانوں کی نااہلی بے حسی عوام دشمنی کی انتہا قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ گزشتہ ایک ہفتے سے چار مسخ شدہ لاشوں کے ہمراہ لواحقین سمیت ہزاروں افراد سراپا احتجاج ہیں ان کے احتجاجی دھرنے میں کوئی حکومتی ریاستی و اعلی انتظامیہ کے ذمہ دار کا آنا تو درکنار نہ ہی انہیں کوئی

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بنوں، جانی خیل قبائل کے افراد امن کی بحالی کیلئے شہید ہونیوالے نوجوانوں کی میتوں کے ہمراہ ٹوچی پل پر احتجاج کر رہے ہیں

بلوچستان کے ملازمین کا معاشی استحصال تسلیم نہیں کرینگے، بی این ایف

صوبائی حکومت اور اسکے درجنوں مشیر سب اچھا ہیکا راگ الاپ رہے ہیں، خان زمان

بلوچستان کے محنت کش طبقہ اور ملازمین کے مسائل میں اضافے کے باعث شدید ذہنی اضطراب کا شکار ہونے کیساتھ معاشی مسائل سے دوچار ہیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان لیبر فیڈریشن نے حکومت کی جانب سے ملازمین اور مزدوروں کے مسائل کے حل میں جان بوجھ کر لیت ولعل سے کام

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کورونا کے نام پر کوئٹہ میں دفعہ 144 کا نفاذ قابل مذمت ہے، نصرت افغانی

یہ حکومت کی اوچھی حرکت اور حکومتی ایوانوں میں بیٹھے کاہلوں کی بزدلی کی دلیل ہے

کوئٹہ (پ ر) بالشویک گروپ آف اسٹڈیز کے کنوینر نصرت خان افغانی نے حکومت کی جانب سے کورونا کے نام پر کوئٹہ میں دفعہ 144 کے نفاذ کی شدید مذمت کی ہے۔ نصرت افغانی نے کہا کہ یہ حکومت کی اوچھی حرکت اور حکومتی ایوانوں میں بیٹھے

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

افغان صدر کا وزیراعظم عمران خان کے کورونا میں مبتلا ہونے کی خبروں پر افسوس کا اظہار

کابل (این این آئی) افغان صدر اشرف غنی نے

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

لنڈی کوتل قبائلی مشران اور افغان ننگرھار قومی مشران کا گرینڈ جرگہ

لنڈی کوتل (این این آئی) لنڈی کوتل قبائلی مشران

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

شہباز شریف کی ضمانت ہونے والی ہے، چوہدری منظور کا دعویٰ

سب کو اپنے لہجے درست اور الفاظ کا چناؤ بہتر کرنا ہوگا، انٹرویو

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ن لیگ نائب صدر مریم نواز شریف کی کرونا ٹیسٹ رپورٹ منفی آگئی

مریم نواز نے طبیعت ناساز ہونے کی وجہ سے چار دن کیلئے سیاسی سرگرمیاں منسوخ کر دیں

اسلام آباد/لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سرکاری ملازمین کے دھرنے کے پیش نظر سیکورٹی پلان تشکیل

ریڈ زون کے اطراف میں راستے بند کرنے کیلئے درجنوں ٹرک رات گئے پہنچا دیئے گئے

جس سے ریڈ زون کو جانے والی شاہراہ کو ہر قسم کی آمدورفت کیلئے بند کر دیا جائے گا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں سرکاری ملازمین کے دھرنے کے پیش نظر سیکورٹی پلان تشکیل دیدیا گیا جبکہ ریڈ زون کے اطراف میں راستے بند کرنے کیلئے درجنوں ٹرک رات گئے پہنچا دیئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق سرکاری ملازمین کی تنظیم بلوچستان ایمپلائز اینڈ ورکر گرینڈ الائنس نے تنخواہوں میں 25 فیصد اضافے کا نوٹیفکیشن جاری نہ ہونے کے خلاف آج کوئٹہ کے ہاکی چوک پر دھرنے کا اعلان کر رکھا ہے جس کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ اور ٹریفک پولیس نے سیکورٹی اور ٹریفک پلان تشکیل دیدیا ہے ریڈ زون کو بند کرنے کیلئے

بقیہ 21 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر محمد عارف محمد حسنی چاغی شہر میں پرائمری سکول کلی ملک محمد علی محمد حسنی کا افتتاح کر رہے ہیں

کراچی، ڈاکٹر عافیہ کی رہائی کی عالمگیر جدوجہد کے سلسلے میں ڈاکٹر فوزیہ ترکی میں صدر طیب رجب اردوان کی بیٹی سے ملاقات کر رہی ہیں

1

بلوچستان میں 24 گھنٹے میں 50، حیدرآباد میں 35، لاڑکانہ میں 26، جنوبی کراچی میں 24، ملیر میں 16، کورنگی میں 12، غربی اور وسطی میں 7-7، ٹنڈو یار محمد اور میرپور خاص میں 6-6، شرقی میں 5، شاہراہ فیروز، سجاول اور ضلع شرقی میں 4-4، بدین، شہید آباد، ٹھٹہ اور قمبر - شہداد کوٹ اور شکارپور میں 3-3، مٹھی، ٹنڈو محمد خان اور وسطی میں 2-2 کیس رپورٹ ہوئے۔ دریں اثنا وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے صوبے کی ہر ضلع پر زور دیا کہ احتیاطی تدابیر اور کووڈ 19 سے متعلق ایس او پیز پر عمل کریں۔

9

ساحلی سال سے ان داروں میں عہدوں پر براجمان چاچ کے ساتھ ساتھ ہی ساتھ ہونے والے ان ایس آئی اے میجر ہاشم نوتیزی کی جانب سے موبائل فون اور انٹرنیٹ سسکی بہتری کے لیے اٹھائے گئے اقدامات کو جدید طرز پر

2

پلان ترتیب دیا جارہا ہے جب کہ عوام پولیس کو اپنا دوست اور ہمدرد سمجھے عوام کے اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچانی چاہئے ان خیالات کا اظہار اپنے دفتر میں حب تھانے میں اوپن ڈے کے دوران کیا۔ اوپن ڈے میں مختلف سندھ کے واضح احکامات کے باوجود ٹھکانہ سندھ کے اندر سندھ ایمپلائز سوشل سکیورٹی انسٹی ٹیوشن کراچی کے ملازمین کو سیاسی جماعتوں اور سرکاری سرپرستی حاصل ہے جبکہ پولیس کے ساتھ حب سیٹی تھانے کا چارج سنبھالے چند روز ہوئے ہیں ان کے چارج سنبھالتے ہی ایس ایس پی سہیل راجپوت کی طرح اتحاد کا اظہار کیا ہے اس پر انہوں نے کہا کہ حب پولیس کو بورے کے ڈالنا کو انہوں نے کہا کہ ایک سوال کے جواب میں کہا کہ حب میں منشیات کے خاتمہ میری اولین ترجیحات میں شامل ہے کیونکہ منشیات نوجوان نسل کو دیمک کی طرح چاٹ رہی ہے حب میں منشیات پر سخت اقدامات کیے جائیں گے اور منشیات فروشوں کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی انہوں نے کہا کہ حب میں منشیات کے خاتمے کے لیے ایک دوست اور ہمدرد بن کر اپنے کندھے سے کندھا ملا کر چلنا ہوگا انہوں نے کہا کہ پولیس اور عوام کے ساتھ تعاون کریں اور عوام سے پولیس

روزنامہ
امروز
کوئٹہ

روزنامہ امروز کوئٹہ بروز پیر 29 مارچ 2021ء

امریکا نے ترکی کو شپ ہیلی کاپٹرز کی پاکستان کو فراہمی روک دیا

ترک عہدیدار نے ترکی پر امریکی پابندیوں کے اثرات کے بارے میں صحافیوں کو بریفنگ دیتے ہوئے امریکی رکاوٹ کا ذکر کیا جس سے انقرہ نے روس سے ایس 400- میزائل خریدنے کا فیصلہ کیا تھا

ایک یورپی ادارے اگسٹا ویسٹ لینڈ کی شراکت سے ترک ایرواسپیس انڈسٹریز (ٹی اے آئی) کا تیار کردہ اے ٹی اے کے ٹی 129 ہیلی کاپٹر دن اور رات، گرم اور سرد دونوں حالات میں حملے اور جاسوسی مشن کے لیے ڈیزائن کیا گیا تھے۔تاہم پینٹاگون کی جانب سے ترک کمپنی کو انجنز کا ایکسپورٹ لائسنس جاری کرنے سے انکار کے بعد اس کی فراہمی کی تاریخ آگے بڑھا دی گئی

انقرہ (این این آئی) امریکا نے ترکی کو مقامی طور پر تیار کیے جانے والے 30 گن شپ ہیلی کاپٹرز کی پاکستان کو فراہمی سے روک دیا۔میڈیا رپورٹس کے مطابق ترکی کے صدارتی ترجمان ابراہیم کلمن نے صحافیوں کو بتایا کہ امریکا نے پاکستان کو ترکی کے ہیلی کاپٹرز کی فروخت روک دی ہے، جس کی وجہ سے اسلام آباد اسے چین سے خریدے گا۔اے ٹی اے کے ٹی 129 اگسٹا اے 129 منگٹا پلیٹ فارم پر مبنی دو انجن، ٹینڈم سیٹ، ملٹی رول، آل ویدر اٹیک ہیلی کاپٹر ہے اور امریکی انجنوں سے لیس ہے۔امریکا ایل ایچ ٹی ای سی انجن کے لیے ایکسپورٹ کلیئرنس روک رہا ہے۔ابراہیم کلمن نے کہا کہ اس رکاوٹ سے امریکی مفادات کو زیادہ نقصان پہنچ سکتا ہے۔ترکی اور پاکستان نے جولائی 2018 میں ترکی ساختہ ہیلی کاپٹر گن شپ کے لیے 1.5 ارب ڈالر کے معاہدے پر دستخط کیے

بقیہ 2 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

یہ بادشاہت کو ختم کرنے کا وقت نہیں، کینیڈین وزیراعظم جسٹن ٹروڈو

ٹورنٹو (این این آئی) کینیڈا کے وزیراعظم جسٹن ٹروڈو نے شہزادہ ہیری اور ان کی اہلیہ میگھن مارکل کے انٹرویو پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ وقت بادشاہت کو ختم کرنے کی باتوں کا نہیں ہے۔بین الاقوامی میڈیا رپورٹس کے مطابق کینیڈا کے وزیراعظم جسٹن ٹروڈو نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ کینیڈا کی حکومت برطانیہ میں بادشاہت کو ختم کرنے کے لیے کسی بھی قسم کی آئینی گفتگو کا حصہ نہیں بنے گی۔ وزیراعظم جسٹن ٹروڈو نے کہا کہ یہ وقت ان سب باتوں کے لیے مناسب نہیں ہے کیونکہ ملک پہلے ہی عالمی وبا کورونا وائرس سے پیدا ہونے

بقیہ 1 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

نوبل ایوارڈ یافتہ ملالہ یوسفزئی کا ایپل ٹی وی معاہدہ

نوبل انعام یافتہ، طالب علم اور لڑکیوں کی تعلیمی وکیل ملالہ یوسف زئی ایپل ٹی وی کے لیے پروگرام بنائیں گی

پروگرام پارٹنرشپ پر جو معاہدہ ایپل کمپنی کے ساتھ انجام پایا ہے اس میں ڈرامہ، ڈاکیومینٹری، اینی میشن اور بچوں کی سیریز شامل ہیں

واشنگٹن (این این آئی) دنیا کی کم عمر ترین نوبل انعام یافتہ لڑکی ملالہ یوسف زئی کا متاثر کن تدریسی ویڈیوز بنانے کے لیے مشہور امریکی ٹیکنالوجی کمپنی ایپل کے ساتھ معاہدہ طے پا گیا۔میڈیا رپورٹس کے مطابق ملالہ یوسف زئی نے انسٹاگرام پر تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ میں ایسی طاقت ور اسٹوریز بنانے پر یقین رکھتی ہوں جو خاندانوں کے درمیان قربتیں،

بقیہ 4 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ولی عہد سے ملائیشیا کے وزیراعظم کی ملاقات، تین معاہدوں پر دستخط

سعودی عرب اور ملائیشیا کے رہنماؤں نے خطے کے حالات حاضرہ پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا

سعودی عرب کی طرف سے وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان اور ملائیشیا کی جانب سے وزیر خارجہ ہشام الدین بن حسین نے دستخط کیے

ریاض (این این آئی) سعودی عرب اور ملائیشیا نے ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان اور ملائیشیا کے وزیراعظم محی الدین یاسین کی موجودگی میں ریاض میں تین معاہدے کیے ہیں۔اس موقع پر دونوں ملکوں کے درمیان رابطہ کونسل کے قیام کا اہم معاہدہ ہوا ہے۔سعودی خبر رساں ادارے کے مطابق سعودی ولی عہد اور ملائیشیا کے وزیراعظم نے ملاقات میں دونوں ملکوں کے تعلقات اور انہیں مختلف شعبوں میں مزید مضبوط بنانے اور باہمی تعاون کے رشتوں کو مستحکم بنانے کے طریقوں کا جائزہ لیا ہے۔سعودی عرب اور ملائیشیا کے رہنماؤں نے خطے کے حالات

بقیہ 3 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

اوتھل، ایس ایچ او حب یار محمد کمانڈو اپنے دفتر میں صحافیوں سے گفتگو کر رہے ہیں

ترکی عرب ممالک کیساتھ سفارتی تعلقات کی بحالی کا خواہاں

ترکی نے مصر سے اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد کرنے کی درخواست دہرائی ہے، خاص طور پر وہ معاہدہ جس میں مشرقی بحیرہ روم میں قدرتی وسائل کی تلاش کے لیے کیا گیا معاہدہ ہے

عرب ممالک اور ترکی کے درمیان اختلافات کی برف پگھل رہی ہے اور ترکی عرب ملکوں کے ساتھ سفارتی تعلقات معمول پر لانے کا خواہاں ہے، ذرائع کا دعویٰ

انقرہ (این این آئی) ترکی اور عرب ممالک کے درمیان کئی معاملات پر اختلافات چلے آ رہے ہیں یہاں تک کہ مصر جیسے بڑے عرب اور ترکی کے درمیان سفارتی تعلقات بھی تعطل کا شکار ہیں۔ دوسری طرف ذرائع نے کہا ہے کہ عرب ممالک اور ترکی کے درمیان اختلافات کی برف پگھل رہی ہے اور ترکی عرب ملکوں کے ساتھ سفارتی تعلقات معمول پر لانے کا خواہاں ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق ذرائع نے بتایا کہ ترکی نے مصر سے اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد کرنے کی درخواست دہرائی ہے۔ذرائع کا کہنا تھا کہ ترکی نے اپنا ایک سفارتی وفد اور سیکیورٹی اہلکاروں کو بات چیت کے لیے قاہرہ بھیجنے کی تیاری شروع کی ہے۔اس کے علاوہ مصری حکام کے ساتھ قبرصی اور یونانی عہدیداروں کی موجودگی میں بات چیت کی تجویز پیش کی۔دوسری طرف مصر نے زور دیا کہ ترکی لیبیا کی قومی وفاق حکومت کے ساتھ طے پائے معاہدے معطل کرے۔اسی طرح مصر کا مطالبہ ہے کہ ترکی لیبیا سے اپنی فوج واپس بلائے اور لیبیا میں موجود اپنے

بقیہ 5 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں



وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی جانب سے ہاکی اولمپینز اور کھلاڑیوں کے اعزاز میں دیئے گئے عصرانے کے موقع پر کھلاڑیوں سے مل رہے ہیں

عمان کی غیر ملکی سرمایہ کاروں کو طویل المیعاد اقامے دینے کی پیش کش

کابینہ نے 21-2020 میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں کو انکم ٹیکس میں چھوٹ دینے کی منظوری دے دی

اس کے علاوہ دقم اسپیشل اکنامک زون اور دوسرے صنعتی علاقوں میں 2022 کے اختتام تک کرایوں میں کمی جارہی ہے

مسقط (این این آئی) خلیجی سلطنت عمان نے 2020 اور 2021 میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں کو انکم ٹیکس میں چھوٹ اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کو طویل المیعاد اقامے دینے کا اعلان کیا ہے۔عمان کے سرکاری میڈیا نے حکومت کے ویژن 2040 کے تحت ان نئے اقدامات کا اعلان کیا۔سعودی عرب کے ویژن 2030 کے مشابہ اس ویژن کا مقصد عمان کی معیشت کو متنوع بنانا اور تیل کی دولت پر انحصار کم کرنا ہے۔اس وقت عمان کو زیادہ تر مالی وسائل تیل کی برآمدات سے ہی حاصل ہوتے ہیں۔عمان خلیج تعاون کونسل کے رکن

بقیہ 3 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

اوتھل، دینی مسجد کے قریب کارروائی میں برآمد ہونے والی مسروقہ موٹر سائیکل اور ملزم سی ائی اے اوتھل بیلہ کی تحویل میں

روس، طالبان سے مذاکرات کی میزبانی کرے گا، افغانستان کی تصدیق

ماسکو (این این آئی) روس، جنگ زدہ افغانستان میں قیام امن کے حوالے سے اس ماہ افغان مذاکرات کی میزبانی کرے گا۔امریکا نے اس میٹنگ میں شرکت کی فی الحال تصدیق نہیں کی ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق روس نے کہا کہ

بقیہ 16 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

فرانس کی خلا میں اپنی نوعیت کی پہلی فوجی مشقیں جاری

پیرس (این این آئی) پیرس فرانس دنیا کی تیسری بڑی خلائی طاقت بننے کی کوشش میں ہے اور یہ فوجی مشقیں اسی حکمت عملی کا حصہ ہیں۔اس مشق سے فرانس اپنی خلائی کمانڈ کی صلاحیت جانچنا چاہتا ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق فرانس نے اس ہفتے سے خلا میں اپنی پہلی فوجی مشقوں کا آغاز کیا۔اس کا مقصد اس بات کا اندازہ لگانا ہے کہ حملے کی صورت

بقیہ 17 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، نور محمد دمڑ ائیر پورٹ روڈ پر جھنڈا الہرا کر سائیکل ریلی کا افتتاح کر رہے ہیں

لبنان میں ابتر معاشی حالات کیخلاف احتجاج، مظاہرین نے شاہراہیں بند کردیں

مظاہرین نے شمالی شہر طرابلس اور مشرقی علاقے وادی بقاع میں بعض بڑی شاہراہوں کو رکاوٹیں کھڑی کرکے بند کردیا

بیروت (این این آئی) لبنان میں غربت اور ابتر معاشی حالات کے خلاف عوامی احتجاج جاری ہے اور مظاہرین نے رکاوٹیں کھڑی کرکے بیشتر بین الاضلاعی شاہراہیں بند کردیں۔میڈیا رپورٹس کے مطابق لبنان کو اس وقت بدترین اقتصادی بحران کا سامنا ہے، جس کی وجہ سے بے روزگاری روز افزوں ہے اور اشیائے ضروریہ کی قیمتیں آسمان

بقیہ 18 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

امریکا نے پاسداران انقلاب کے دو عہدیداروں پر پابندیاں عاید کردیں

علی ھمتیان اور مسعود صفداری کو بلیک لسٹ کرتے ہوئے دونوں پر پابندیاں عاید کردیں، محکمہ خارجہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزارت خارجہ نے ایرانی پاسداران انقلاب کے دو سینیئر تفتیش کاروں کو انسانی حقوق کی سنگین پامالیوں کے الزام میں بلیک لسٹ کر دیا ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ پیش رفت ایک ایسے وقت میں سامنے آئی جب دوسری طرف ایران میں انسانی حقوق کی پامالیوں اور زیر حراست سیاسی قیدیوں پر تشدد میں ملوث اہلکاروں

بقیہ 19 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

دوران پرواز پائلٹ اور فلائٹ اٹینڈنٹ کے درمیان دھینگا مشتی

ایک کا بازو، دوسرے کے دانت ٹوٹ گئے، جہاز انتظامیہ نے واقعے کا نوٹس لے لیا

بیجنگ (این این آئی) چین کی شہری ہوا بازی انتظامیہ گذشتہ ماہ پرواز کے دوران مسافر طیارے میں پائلٹ اور ایک سینیر فلائٹ اٹینڈنٹ کے مابین ہونے والی دھینگا مشتی کی تحقیقات شروع کردیں۔ اس واقعے میں ہاتھا پائی کرنے والے ہوائی جہاز کے عملے کے دونوں ارکان میں سے ایک کا بازو ٹوٹ گیا جب کہ دوسرے کے دانت ٹوٹ

بقیہ 20 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

بھارتی کسانوں کے احتجاج کو ساڑھے تین ماہ مکمل، برطانیہ کا معاملہ اٹھانے کا اعلان

برطانیہ نے معاملہ دونوں ملکوں کے وزرائے اعظم کی آئندہ ملاقات میں اٹھائیں گے، وزارت خارجہ

لندن (این این آئی) متنازع زرعی قوانین کیخلاف کسانوں کا احتجاج عالمی رنگ اختیار کرگیا، برطانیہ احتجاج کو ساڑھے تین ماہ مکمل ہوگئے۔ بھارت میں

بقیہ 21 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

سال 2020 میں فلسطینیوں کیخلاف اسرائیلی نسلی تعصب میں خوفناک اضافہ

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) ایک فلسطینی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ سال 2020 کے دوران فلسطینی قوم کیخلاف اسرائیلی نسل پرستی اور فلسطینیوں کے خلاف اشتعال انگیزی میں سال 2019 کے مقابلے میں 16 فیصد اضافہ ہوا

بقیہ 7 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

غرب اردن اور القدس میں اسرائیلی فوج کی کریک ڈاؤن مہم

مقبوضہ مغربی کنارا (این این آئی) قابض صہیونی فوج نے فلسطین کے علاقوں مقبوضہ مغربی کنارے اور مقبوضہ بیت المقدس میں تلاشی کی کارروائیوں کے دوران متعدد فلسطینیوں کو حراست میں لے لیا۔قابض فوج نے تلاشی کی کارروائیوں کے

بقیہ 8 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ویکسینیشن کے باوجود اسرائیل میں کرونا کی خطرناک لہر

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) قابض اسرائیلی حکومت نے کرونا وائرس انفیکشن کی تعداد میں ایک بار پھر اضافے کا انتباہ دیا ہے جس کی وجہ سے اس میں دی گئی نرمی معطل کی جاسکتی ہیں اور عوامی زندگی پر سخت پابندیاں عائد کی جا سکتی

بقیہ 13 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

لبنانی فوج کی دراندازی کرنے والے اسرائیلی جاسوس ڈرون پر فائرنگ

بیروت (این این آئی) لبنانی فوج نے اسرائیلی ڈرون پر اس وقت فائرنگ کی جب اس نے لبنان

بقیہ 14 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ایرانی سرگرمیاں عالمی سلامتی کے لیے خطرہ ہیں، سعودی عرب

خوثی ملیشیا نے سعودی عرب میں ایران کے اشاروں پر تیل کی تنصیبات پر حملوں کی سازشیں کیں جنہیں ناکام بنادیا گیا، بیان

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کی کابینہ نے خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز کی زیر صدارت اجلاس میں ایران کی سرگرمیوں کو عالمی امن کے لیے خطرہ قرار دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق سعودی عرب کی کابینہ نے اجلاس کو بتایا کہ ایران کی سرگرمیوں سے خطے میں کشیدگی بڑھ رہی ہے اور یہ عالمی امن کے لیے خطرہ ہیں۔ اجلاس میں یمن کے حوثی باغیوں کی سعودی عرب میں شہری آبادی پر حملوں کی شدید مذمت کی گئی۔ اجلاس میں کہا گیا کہ ایران کی سرگرمیوں سے خطے میں کشیدگی بڑھ رہی ہے اور یہ عالمی امن کے لیے خطرہ ہیں۔ بین الاقوامی میڈیا رپورٹس کے مطابق کینیڈا کے وزیراعظم جسٹن ٹروڈو نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ کینیڈا کی حکومت برطانیہ میں بادشاہت کو ختم کرنے کے لیے کسی بھی قسم کی آئینی گفتگو کا حصہ نہیں بنے گی۔ وزیراعظم جسٹن ٹروڈو نے کہا کہ یہ وقت ان سب باتوں کے لیے مناسب نہیں ہے کیونکہ ملک پہلے ہی عالمی وبا کورونا وائرس سے پیدا ہونے

بقیہ 15 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ایران کے جوہری پروگرام کی تحقیقات ایک غیر مختتم کام ہے، آئی اے ای اے

ایران اپنی تنصیبات سے ملنے والے یورینیم کے ذرات کی وضاحت کردے تو بھی معائنہ کاروں کا کام ختم نہیں ہوگا، سربراہ

ویانا (این این آئی) ویانا میں قائم جوہری توانائی کے عالمی ادارے (آئی اے ای اے) کے سربراہ نے خبردار کیا ہے کہ ایران کی جوہری سرگرمیوں کی بین الاقوامی تحقیقات ایک غیر مختتم کام ہے اور اس کی تکمیل میں کئی برس لگ سکتے ہیں۔میڈیا رپورٹس کے مطابق آئی اے ای اے کے ڈائریکٹر جنرل رافاعل ماریانو گراسی نے ایک انٹرویو میں کہا کہ اگر ایران گذشتہ سال اپنی مختلف غیر علانیہ تنصیبات سے ملنے والے یورینیم کے ذرات کی وضاحت بھی کردے تو بھی بین الاقوامی معائنہ کاروں کا کام ختم نہیں ہوگا۔انھوں نے کہا کہ اس معائنے کے نتیجے میں اضافی معلومات بھی دستیاب ہوسکتی ہیں۔(ہتھیاروں کے) عدم پھیلاؤ میں یہ کوئی حتمی یقینی صحت کا صاف بل نہیں ہے۔گراسی کی رائے

بقیہ 25 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

بحرینی بنک کی منفرد پیش کش، ویکسین لگوانے والے صارفین کو قرضے کی فیس معاف

منامہ (این این آئی) بحرین میں ایک بنک نے کرونا وائرس کی ویکسین لگوانے والے صارفین کی حوصلہ افزائی کے لیے ایک منفرد پیش کش کا اعلان کیا ہے اور کہا ہے کہ ویکسین لگوانے والوں کو قرضے کی فیس میں معافی کے علاوہ بنک کاری کی مختلف سہولتیں مہیا کی جائیں گی۔میڈیا رپورٹس کے مطابق السلام بنک کی انتظامیہ کا کہنا تھا کہ کووڈ 19 کی ویکسین لگوانے والے صارفین کو کسی

بقیہ 29 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ہیری اور میگھن کا انٹرویو دل دہلا دینے والا تھا، ہیلری کلنٹن

ہماری حکومت بادشاہت کے خاتمے سے متعلق آئینی بحث میں نہیں پڑنا چاہتی، کینیڈین وزیراعظم ا

میگھن مارکل نے اوپرا ونفرے کو دیئے گئے انٹرویو میں انکشاف کیا تھا کہ شاہی خاندان کے ایک فرد نے آرچی کی رنگت کے بارے میں سوال کیا تھا

ٹورنٹو/واشنگٹن (این این آئی) سابق امریکی وزیر خارجہ ہیلری کلنٹن نے میگھن مارکل کی حمایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پرنس ہیری اور میگھن کا انٹرویو دل دہلا دینے والا تھا۔میڈیا رپورٹس کے مطابق ہیلری کلنٹن کا کہنا تھا کہ وقت بدل چکا ہے، یہ 2021 ہے، میگھن نے اپنا سر نہیں جھکایا۔وہ اپنی زندگی جینا چاہتی ہے اور یہ اس کا حق ہے۔ دوسری جانب کینیڈین وزیراعظم جسٹن ٹروڈو نے برطانوی شاہی خاندان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔جسٹن ٹروڈو نے کہا کہ ابھی بادشاہت کے خاتمے سے متعلق گفتگو کا وقت نہیں، حکومت بادشاہت کے

بقیہ 24 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

دالبندین، صوبائی وزیر میر محمد عارف محمد حسنی کمشنر سعید احمد عمرانی لیویز اہلکاروں کو بہترین کارکردگی پر تعریفی اسناد دے رہے ہیں

جرمنی امریکا کے ساتھ نئے معاہدے کا خواہش مند

جمہوریت مخالف خطرات سے نمٹنے کے لیے امریکا اور جرمنی کو ساتھ مل کر کام کرنا چاہیے، جرمن وزیر خارجہ

برلن (این این آئی) جرمنی نے کہا ہے کہ جمہوریت مخالف خطرات سے نمٹنے کے لیے امریکا اور جرمنی کو ساتھ مل کر کام کرنا چاہیے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق جرمن وزیر خارجہ ہائیکو ماس نے کہا کہ امریکا میں نئی انتظامیہ کے آنے کے بعد سے دونوں ملک اپنے رشتے بہتر کرنے کی جانب گامزن ہیں اور جرمنی کو امید ہے کہ امریکہ کے ساتھ ایک نیا معاہدہ طے پا جائے گا۔ان کا کہنا تھا کہ ڈونلڈ ٹرمپ کے چار سالہ دور اقتدار میں دونوں ملکوں کے درمیان رشتے مشکلات سے دوچار رہے اس لیے ان پر نظر ثانی کی ضرورت ہے۔ ٹرمپ کے دور میں نیٹو پر خرچ کرنے، روسی گیس پائپ لائن اور تجارت سے متعلق یورپی یونین کی پالیسیوں کے حوالے سے امریکا، جرمنی پر مسلسل دباؤ ڈالتا رہا تھا۔جرمن وزیر خارجہ ہائیکو ماس نے کہا کہ جرمنی آپ کے ساتھ

بقیہ 30 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

یونان میں پولیس تشدد کیخلاف مظاہرے، جھڑپوں میں اہلکار سمیت کئی زخمی

مظاہرین اور سیکیورٹی اہلکاروں کے مابین جھڑپوں کے سبب مظاہرہ پرتشدد ہنگامے میں بدل گیا

ایتھنز (این این آئی) یونان میں پولیس تشدد کے خلاف ہزاروں مظاہرین سڑکوں پر نکل آئے، جھڑپوں میں سیکیورٹی اہلکار سمیت کئی افراد زخمی ہو گئے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق یورپی ملک کے دارالحکومت ایتھنز میں ہزاروں افراد پولیس کی بربریت کے خلاف سڑکوں پر آگئے۔ لوگوں نے پلے کارڈ اور بینرز اٹھا رکھے تھے۔ مظاہرین اور

بقیہ 22 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

یورپی یونین کی شہری آبادی پر حوثی باغیوں کے حملوں کی شدید مذمت

یورپی یونین یمن میں جنگ بندی کا حامی ہے اور ہم یمن کے تنازع کا سیاسی حل دیکھنا چاہتے ہیں، بیان

برسلز (این این آئی) یورپی یونین نے یمن کے حوثی باغیوں کی طرف سے سعودی عرب میں شہری حملوں کی شدید مذمت کی ہے۔یورپی یونین میں خارجہ پالیسی اور سلامتی کے ترجمان پیٹر اسٹانو نے عرب ٹی وی سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ہم حوثی ملیشیا کی طرف سے سعودی عرب میں شہری آبادی پر حملوں کی پرزور مذمت کرتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ

بقیہ 23 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

جوڑے کی طرف سے اٹھایا جانے والا نسل کا معاملہ قابل تشویش ہے، شاہی خاندان

لندن (این این آئی) برطانوی شاہی خاندان کی بہو میگھن مرکل اور انکے شوہر شہزادہ ہیری کی جانب سے انٹرویو میں لگائے گئے الزامات پر بکنگھم پیلس کا ردعمل سامنے آگیا ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق بکنگھم پیلس کی جانب سے الزامات کے ردعمل میں جاری بیان میں کہا گیا کہ جوڑے کی طرف سے

بقیہ 26 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

مایا میں 48 فیصد آبادی کو کورونا ویکسین لگا دی گئی، صحت اتھارٹی

مہم دسمبر 2021 تک جاری رہے گی اور تب تک ملک کی 70 فی صد آبادی کو ویکسین لگا دی جائے گی، بیان

یو اے ای میں شامل سات امارتوں میں تمام مکینوں اور شہریوں کو حکومت کی جانب سے مفت ویکسین لگائی جارہی ہے

